میڈیا آفس

حزب التحریر

ولایہ پاکستان

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

﴿وَعَدَ ٱللَّهُ ٱلَّذِينَ ءَامَنُوا۟ مِنكُمْ وَعَمِلُوا۟ ٱلصَّٰلِحَٰتِ لَيَسْتَخْلِفَنَّهُمْ فِى ٱلْأَرْضِ كَمَا ٱسْتَخْلَفَ ٱلَّذِينَ مِن قَبْلِهِمْ وَلَيُمَكِّنَنَّ لَهُمْ دِينَهُمُ ٱلَّذِى ٱرْتَضَىٰ لَهُمْ وَلَيُبَدِّلَنَّهُم مِّنۢ بَعْدِ خَوْفِهِمْ أَمْنًا يَعْبُدُونَنِى لَا يُشْرِكُونَ بِى شَيْـًٔا وَمَن كَفَرَ بَعْدَ ذَٰلِكَ فَأُو۟لَٰٓئِكَ هُمُ ٱلْفَٰسِقُونَ﴾

حزب التحریر

Hizb ut Tahrir

منگل، یکم رجب، 1441ھ | 25/02/2020 | نمبر: 1441/46

پریس ریلیز

ہندو ریاست کیلئے ٹرمپ کی حمایت اور اسلام اور مسلمانوں کے خلاف کھلی دشمنی کے اعلان نے پاکستان کے امریکہ کے ساتھ اتحاد کے نقصان کو پھر سے آشکار کر دیا ہے

امریکی صدر ٹرمپ نے 24 فروری کو شروع ہونے والے اپنے پہلے دورہ بھارت میں مسلمانوں کے خلاف ہندو ریاست کی جنگ کی حوصلہ افزائی کی اور ہندو ریاست کی اسلام کے خلاف دشمنی کے لیے اپنی مکمل حمایت کا اعلان کیا۔ نسل پرست اور اسلام دشمن ٹرمپ نے گجرات کے قصائی مودی کو ایک "غیر معمولی لیڈر اور بھارت کا زبردست ہیرو" قرار دیا۔ وہ مودی جس نے مقبوضہ کشمیر کو خون کی وادی میں تبدیل کر دیا ہے، کشمیر کے بیٹوں کو گرفتار، بیٹیوں کی عصمت دری اور بھارت کے مسلمانوں کی اسلامی شناخت کو مٹانے کے لیے پوری ریاستی مشینری کو حرکت میں لے آیا ہے۔ 26 فروری کو بالاکوٹ پر مودی کے حملے کے ایک سال پورے ہونے سے صرف دو دن قبل امریکی صدر ٹرمپ نے مودی کو، جو پاکستان کے خلاف مسلسل خفیہ اور اعلانیہ فوجی حملے کر رہا ہے، مکمل طور پر کیل کانٹے سے لیس کرنے کے اپنے عزم کا اعادہ بھی کیا اور اسے سی ہاک ہیلی کاپٹرز اور جاسوس ڈرون طیارے دینے کا اعلان کیا۔ اور ایک بڑے ہجوم کی تالیوں کی گونج میں ٹرمپ نے اسلام کے خلاف مودی کی جنگ کی حمایت کا اعلان کرتے ہوئے کہا کہ بھارت اور امریکا "اپنے شہریوں کو شدت پسندانہ اسلامی دہشت گردی کے خطرے سے بچانے کا آہنی عزم رکھتے ہیں اور اس معاملے پر متحد ہیں"۔

اے پاکستان کے مسلمانو! یقیناً مغربی صلیبی اور بدترین ہندو مشرکین بالکل ویسے ہی ہیں جیسا کہ اللہ سبحانہ وتعالیٰ نے ہمیں ان کے حوالے سے خبردار کیا ہے:

مَا يَوَدُّ الَّذِينَ كَفَرُوا مِنْ أَهْلِ الْكِتَابِ وَلاَ الْمُشْرِكِينَ أَنْ يُنَزَّلَ عَلَيْكُمْ مِنْ خَيْرٍ مِنْ رَبِّكُمْ وَاللَّهُ يَخْتَصُّ بِرَحْمَتِهِ مَنْ يَشَاءُ وَاللَّهُ ذُو الْفَضْلِ الْعَظِيمِ

"جو لوگ کافر ہیں، اہل کتاب یا مشرک وہ اس بات کو پسند نہیں کرتے کہ تم پر تمہارے پروردگار کی طرف سے خیر (وبرکت) نازل ہو۔ اور اللہ تو جس کو چاہتا ہے، اپنی رحمت کے ساتھ خاص کر لیتا ہے اور اللہ بڑے فضل کا مالک ہے" (البقرۃ: 105)۔

کیا یہ ہے وہ ٹرمپ اور بین الاقوامی برادری کا قائد جس سے پاکستان کے حکمران یہ امید لگائے بیٹھے ہیں کہ وہ مسئلہ کشمیر کو حل کرائے گا؟ پاکستان کے احمق حکمران افغانستان اور کشمیر میں ہمارے کلیدی مفادات سے اس جھوٹی امید پر دستبردار ہو گئے کہ امریکا کو خوش کر کے اور اس کے ساتھ اتحاد کر کے وہ پاکستان کے لیے کچھ حاصل کر لیں گے۔ اور اب ہم ایک ایسے مقام پر کھڑے ہیں کہ امریکا کا صدر ایک بار پھر پاکستان کی فوجی قیادت اور حکمران اشرافیہ کو ذلت اور رسوائی کی تنہائی میں چھوڑ کر ہندو ریاست کی خطے میں بالادستی کے قیام کے لیے اپنی مکمل حمایت کا اعلان کر رہا ہے۔ یقیناً جو لوگ اللہ سبحانہ وتعالیٰ کو چھوڑ کر کسی اور کے در سے عزت تلاش کرتے ہیں تو وہ ایسی ہی ذلت و رسوائی کے حقدار ہیں۔

اے افواج پاکستان کے افسران! کیا آپ کا خون یہ دیکھ کر غصے سے نہیں کھولتا کہ اسلام اور مسلمانوں کے دشمن آپ کے خلاف متحد ہو رہے ہیں جبکہ آپ کے حکمران "تحمل" اور "بے عملی" کی ذلت آمیز پالیسی کی زنجیروں سے آپ کو باندھ کر آپ کے دشمنوں کی حوصلہ افزائی کر رہے ہیں؟ یہ جان لیں کہ امریکا سے اتحاد کر کے ہمیں نہ پہلے کوئی فائدہ حاصل ہوا اور نہ آئندہ حاصل ہو گا اور اب وقت آ گیا ہے کہ امریکہ کے ساتھ اس اتحاد کو آپ اپنے بازوؤں کی طاقت سے تار تار کر دیں۔ حزب التحریر ولایہ پاکستان آپ سے مطالبہ کرتی ہے کہ آپ پاکستان کے موجودہ حکمرانوں سے منہ موڑ لیں، جو ٹرمپ کے دوست ہیں، بالکل ویسے ہی جیسے ان حکمرانوں نے مسلمانوں اور اسلام کے مفادات سے منہ موڑ رکھا ہے۔ آپ پر لازم ہے کہ مسلمانوں کی ڈھال، نبوت کے طریقے پر خلافت کے دوبارہ قیام کے لیے نصرہ فراہم کریں جسے مسلمانوں نے ٹھیک 99 ہجری سال قبل اسی ماہِ رجب میں کھو دیا تھا۔ صرف خلافت کے قیام کے بعد ہی آپ کی قیادت ایک ایسا خلیفہ کرے گا جو ذلت آمیز بین الاقوامی نظام کی زنجیروں سے آزاد ہو گا اور جو آپ کی قیادت اللہ سبحانہ وتعالیٰ کے احکامات کے مطابق کرے گا اور ویسٹ فیلین قومی ریاستوں کے تصور کو اپنے پیروں تلے روندتے ہوئے کشمیر اور فلسطین کی آزادی کے لیے میدان جنگ میں آپ کی قیادت کرے گا۔ اور صرف خلافت کے قیام کے بعد ہی ہمارے دل ایک بار پھر ویسی ہی خوشی و شادمانی کے جذبات سے بھر جائیں گے جب ایک سال قبل 27 فروری 2019 کو ہندو ریاست نے آپ کے غصے کو للکارا تھا اور آپ نے اس کے دو طیارے گرا کر اسے منہ توڑ جواب دیا تھا۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:

إِنَّمَا الْإِمَامُ جُنَّةٌ يُقَاتَلُ مِنْ وَرَائِهِ وَيُتَّقَى بِهِ

"یقیناً امام (خلیفہ) ڈھال ہے جس کے پیچھے رہ کر تم لڑتے ہو اور اس کے ذریعے تحفظ حاصل کرتے ہو" (مسلم)۔

ولایہ پاکستان میں حزب التحریر کا میڈیا آفس